صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 24 فروری 2003ء بمطابق 22 ذی الحجہ 1423 ہجری سہ پہر پانچ بجکر پچیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، بخت جہان خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔

يَـٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ كُونُواْ قَوَّٰمِينَ لِلَّهِ شُهَدَآءَ بِٱلۡقِسۡطِۖ وَلَا يَجۡرِمَنَّكُمۡ شَنَـَٔانُ قَوۡمٍ عَلَىٰٓ أَلَّا تَعۡدِلُواْۚ ٱعۡدِلُواْ هُوَ أَقۡرَبُ لِلتَّقۡوَىٰۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَۚ إِنَّ ٱللَّهَ خَبِيرُۢ بِمَا تَعۡمَلُونَ ○ وَعَدَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَمِلُواْ ٱلصَّـٰلِحَـٰتِ لَهُم مَّغۡفِرَةٌ وَأَجۡرٌ عَظِيمٌ ○ وَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَكَذَّبُواْ بِـَٔايَـٰتِنَآ أُوْلَـٰٓئِكَ أَصۡحَـٰبُ ٱلۡجَحِيمِ۔

(ترجمہ): اے ایمان والوں! خدا کے لئے انصاف کی گواہی دینے کے لئے کھڑے ہو جایا کرو۔ اور لوگوں کی دشمنی تم کو اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ انصاف چھوڑ دو۔ انصاف کیا کرو کہ یہی پرہیزگاری کی بات ہے اور خدا سے ڈرتے رہو۔ کچھ شک نہیں کہ خدا تمہارے سب اعمال سے خبردار ہے۔ جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان سے خدا نے وعدہ فرمایا ہے کہ ان کے لئے بخشش اور اجر عظیم ہے۔ اور جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیتوں کو جھٹلایا وہ جہنمی ہیں۔ وآخِرُ الدَعْوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب سپیکر: معزز اراکین اسمبلی! جمہوری اقدار کی بحالی کی طرف پیشرفت کا آغاز گزشتہ رمضان المبارک سے ہوا تھا، جس میں مجھ سمیت آپ سب نے صوبائی اسمبلی کے اراکین کی حیثیت سے حلف اٹھایا تھا۔ الحمد اللہ، آج سینیٹ کے انتخابات کا اہم مرحلہ بھی تکمیل تک پہنچ چکا ہے۔ میں اس موقع پر نو منتخب اراکین سینیٹ کو اپنی طرف سے اور آپ سب معزز اراکین کی طرف سے دل کی اتاہ گہرایوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ ہمارے ان نو منتخب اراکین سینیٹ کو اسلامی نظام کے نفاذ، جمہوریت اور جمہوری اقدار کے فروغ کے لئے اپنا بھرپور کردار ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

میں ان سے توقع رکھتا ہوں کہ وہ پاکستان کے اس اعلیٰ ترین ادارے میں صوبہ سرحد کی بھرپور نمائندگی کریں گے اور اس کے حقوق کے حصول کے لئے بھرپور کوشش کریں گے۔ اس کے ساتھ میں اجلاس کے متعلق جناب گورنر صاحب صوبہ سرحد کا فرستادہ فرمان پڑھ کر سناتا ہوں۔

اجلاس سے متعلق گورنر صاحب کا فرستادہ فرمان

Mr. Speaker: "In exercise of the power conferred by clause (b) of Article 109 of the Constitution of the Islamic Republic of Pakistan, I Lt: Gen: (Retd) Iftikhar Hussain Shah, Governor of the North-West Frontier Province hereby order that the Provincial Assembly shall on completion of its business regarding conduct of Election of the Senators on 24th February 2003 stand prorogued till such date as may hereafter be fixed."

اس فرمان کی رو سے میں اجلاس کو غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی کرتا ہوں۔

(اجلاس غیر معینہ مدت تک کے لئے ملتوی ہو گیا)